ہوتا ہے کہ اشاعت کے مراحل طے کرنے میں عجلت سے کام لیا گیا ہے۔

(۴)

نام کتاب : توحید پر ایمان اور شرک سے بیزاری
مصنف : حافظ محمد سلیمان
ضخامت : 184 صفحات
قیمت : درج نہیں
ملنے کا پتہ : مکتبہ طارق اکیڈمی، ڈی گراؤنڈ، سموسہ چوک، فیصل آباد

اسلام دین توحید ہے۔ اس کا پہلا اور بنیادی عقیدہ اللہ کو ایک ماننا اور شرک سے قطعی اجتناب ہے۔ اس عقیدے کا بیان قرآن پاک میں جا بجا مختلف انداز اور الفاظ میں موجود ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس عقیدے کی اہمیت اپنے اکثر خطبات میں بیان کی ہے۔ یوں سمجھئے کہ توحید کا اقرار اور شرک سے بیزاری بخشش کے لئے شرطِ لازم ہے۔ اس عقیدے کی جتنی بھی اشاعت کی جائے کم ہے، کیونکہ خود حاملین دین توحید بھی اکثر اس کی اہمیت سے بے خبر ہیں، حالانکہ یہ نادانی نری ہلاکت ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے قرآن مجید کی آیات اور رسول اللہ ﷺ کی صحیح احادیث سے مضبوط دلائل کے ساتھ توحید پر ایمان کی اہمیت کو واضح کیا ہے اور شرک کی ہلاکت پر متنبہ کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ اس عقیدہ کے بغیر نجاتِ اُخروی ممکن نہیں۔ موضوع کی اہمیت ونزاکت کے پیش نظر ہر شخص کے لئے اس کتاب کا مطالعہ مفید رہے گا۔ مؤلف نے بڑی محنت کے ساتھ موضوع سے متعلقہ آیات اور احادیث اس کتاب میں جمع کر دی ہیں۔

کتاب حسن معنوی کے ساتھ ساتھ حسن ظاہری سے بھی مالا مال ہے۔ کمپوزنگ بھی معیاری ہے۔

© rasailojaraid.com